04-07-2026

12:30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں انوار الحق

PM مودی:

وزیراعظم نریندر مودی 6جولائی سے انڈونیشیا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے 6روزہ دورہ کریں گے۔

اپنے دورے کے دوران وہ تینوں ممالک کی اعلیٰ قیادت سے باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے جس کامقصد آپسی رشتوں میں مزید استحکام لانا ہے۔

خامنائی جنازہ:

ایران میں ملک کے سابق سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنائی کے 6روزہ سرکاری جنازے کیلئے تیاریاں جاری ہیں۔ وہاں مرحوم کی آخری رسومات میں حصہ لینے کیلئے لاکھوں لوگوں کی شرکت کی توقع ہے۔

جنازے میں ایران کے سینئررہنما ،فوجی کمانڈر اور بیرونی ممالک کی اہم شخصیات بھی حصہ لے رہی ہیں۔ جنازے مینبھارت کا ایک وفد بھی شامل ہورہاہے۔ اس وفد کی قیادت بہار کے گورنر لیفٹنٹ جنرل سید عطا حسنین کررہے ہیں۔

سی ایم:

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت جموں وکشمیر میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے نیز لوگوں کی راحت رسانی کیلئے وعدہ بند ہے۔

وہ رابطہ دفتر سرینگرمیناں سے ملنے آئے کئی وفود کے مسائل کی سماعت کے دوران اظہار خیال کررہے تھے۔ ملاقات کرنے والے وفود نے ترقیات ، عوامی بہبود ، تجارت ، سیاحت اور دیگر سیکٹروں کے معاملات ان کی نوٹس میں لائے۔

سکینہ ایتو:

صحت اور تعلیم کی وزیرسکینہ ایتو نے کہا کہ موجودہ سرکار جموں کشمیر بھر میں تعلیم اور طبی شعبوں میں بنیادی ڈھانچے کو بہتر کرنے کیلئے لگاتار سرمایہ کاری کررہی ہے۔

انہوں نے حلقہ انتخاب ٹنگمرگ کا دورہ کرکے وہاں بنیادی ڈھانچے کے کئی پروجیکٹ عوام کے نام وقف کئے، جن میں سب ضلع ہسپتال ٹنگمرگ میں ایک زچہ اور بچہ بلاک// ٹارہامہ کے ہائرسکینڈری سکول میں آڈیٹوریم اور لال پورہ میں نئے طرز کا پرائمری ہیلتھ سینٹر شامل ہیں۔

یاترا:

سالانہ شری امرناتھ جی یاتراکے سلسلے میں اس وقت پوتر گپھا میں شردھالوؤں کی طرف سے حاضری دینے کاسلسلہ جاری ہے۔ یاتری بالتل اور ننون کے راستوں سے گپھا پہنچ کر شیولنگم کے درشن کرنے کے بعد ایک الگ ہی کیفیت محسوس کررہے ہیں۔

تازہ اعداد وشمار کے مطابق آج صبح گیارہ بجے تک 14ہزار659یاتری گپھا میں شیولنگم کے درشن کرچکے تھے۔

جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جاچکی ہے کہ انتظامیہ نے یاتریوں کی سلامتی اور یاترا کے احسن انعقاد کیلئے سیکورٹی سمیت تمام قسم کے مناسب انتظامات کررکھے ہیں۔ یاترا کے راستے مختلف پڑاؤں پر لنگروں کا بھی خصوصی انتظام ہے۔

اس دوران وادی آنے والے یاتری نہ صرف یہاں کی قدرتی خوبصورتی بلکہ مقامی لوگوں کی مہمان نوازی سے بھی زبردست متاثر نظر آرہے ہیں۔

........Yatries........

دریں اثنا جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج مزید 4ہزار812یاتری وادی پہنچ رہے ہیں جن میں 2ہزار 41مرد اور2ہزار771خواتین شردھالو شامل ہیں۔

شالین کابرا:

محکمہ جل شکتی کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شالین کابرا نے یاترا کے پہلگام روٹ کا تفصیلی دورہ کرکے وہاںآب رسانی کے بنیادی ڈھانچے اور پینے کے پانی کی سپلائی کا جائزہ لیا۔

انہوںنے ساتھ ہی جاری یاترا کے دوران انسداد سیلاب کے لئے درکار اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔

امداد باہمی:

بارشیں:

محکمہ موسمیات نے جموں کشمیر میں اگلے دو روز کیلئے ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کاامکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ نے کہا ہے کہ آج دوپہر بعد سے کل شام تک اکثر مقامات پرگرج چمک کے ساتھ بارشیں ہوسکتی ہیں جبکہ کئی مقامات پر تیز بارش کے ساتھ سیلابی ریلوں کا بھی احتمال ہے۔

لوگوں سے کہا گیاہے کہ وہ ندی نالوںاور تودے گرآنے کے احتمال والے علاقوں میں نقل وحمل میں احتیاط برتیں۔

:آدھار

عام لوگوں کی سہولیات کے لئے یونیک آئیڈنٹیفکیشن اتھارٹی آف انڈیا نے آدھار میں ای میل کا اندراج کرانے کی سہولت دستیاب کرائی ہے۔

خواہشمند افراد ای میل کا اندراج یا اپ ڈیٹ آدھارایپ کے ذریعے کرسکتے ہیں۔ یہ سہولت یکم جولائی کو متعارف کی گئی ہے اور آئندہ چھ ماہ تک دستیاب رہے گی۔

........اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ........